AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE

CLASS IX

ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023

Pakistan Studies Paper II

Time: 1 hour 5 minutes   Marks: 20

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

ہدایات

درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔ **امیدوار کے دستخط**

خصوصی ہدایت

2۔ اس پرچے میں کل **پانچ سوالات** ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 5 میں دو انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی **ایک** حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 3 نمبر)

’میرا اشارہ بالخصوص آپ (نوجوانوں) کی طرف نہیں ہے، مگر پھر بھی میں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ کو متنبہ کرنا چاہوں گا کہ آپ ناقابلِ برداشت خبروں یا نعرے اور دل کش الفاظ کی زد میں آکر کوئی عمل سرانجام نہ دیں۔ انھیں اپنے دل میں جگہ نہ دیں اور نہ ہی طوطے کی طرح انھیں دہراتے رہیں۔ جتنے عرصے یہ ادارہ آپ کی تربیت کررہا ہے اس سے بھرپور فائدہ اٹھاکر خود کو آنے والی نسل کی راہ نمائی کے لیے تیار کریں۔ طلبہ کا ایک عمومی مسئلہ ہے جس کے متعلق میں آپ کو متنبہ کرنا چاہوں گا۔ طلبہ سمجھتے ہیں کہ ایسا کچھ نہیں ہے جو وہ نہیں جانتے ۔ یہ ذہنیت نقصان دہ ہے اور اکثر اس کا نتیجہ تباہی کی صورت میں نکلتا ہے۔ اگر پھر بھی آپ اپنے تجربے سے سیکھنا چاہتے ہیں اور اپنے بزرگوں کے تجربے سے نہیں سیکھنا چاہتے ہیں تو مجھے یہ کہنے دیں کہ جب آپ کی عمر بڑھتی جائے گی تو آپ اپنے تلخ تجربات اور زندگی کی ٹھوکروں سے سیکھنے کے لیے زیادہ تیار ہوں گے جو کہ آپ کو کسی اور چیز سے زیادہ نقصان پہنچائے گا۔‘

(قائداعظم کی اسلامیہ کالج پشاور کی تقریر سے اقتباس)

دیے گیے اقتباس سے کوئی **تین** نکات اخذ کیجیے جو آپ کے خیال میں پاکستان میں قومی یک جہتی کے لیے نہایت ضروری ہیں۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

سوال۔ 2 (کل 3 نمبر)

1930 کی دہائی میں آل انڈیا مسلم لیگ کا مطالبہ خود مختار صوبوں پر مشتمل ایک متحدہ بھارتی وفاق کا تھا۔ اس کے برعکس قراردادِ لاہور 1940 میں مسلم لیگ نے ایک علیحدہ مملکت کا مطالبہ پیش کیا۔

آل انڈیا مسلم لیگ کے مؤقف میں تبدیلی اور ایک جُداگانہ وطن کے مطالبے کے تناظر میں کوئی بھی **تین** وجوہات تحریر کیجیے۔

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

سوال-3 (کل 4 نمبر)

دیے گیے نقشے کو بہ غور ملاحظہ کیجیے اور درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔



(الف)۔ مون سون ہوائیں کہاں سے چلتی ہیں ؟ (1 نمبر)

(ب)۔ یہ ہوائیں کن مہینوں میں چلتی ہیں؟ (1 نمبر)

(ج)۔ مون سون ہوائیں کن مہینوں میں موسلا دھار بارشوں کا باعث بنتی ہیں ؟ (1 نمبر)

(د)۔ پاکستان میں اِن بارشوں سے متأثر ہونے والی کسی ایک جگہ کی نشان دہی کیجیے۔ (1 نمبر)

AKU-E
Annual Exami
Teaching a

سوال۔4 (کل 4 نمبر)

پاکستان کے موجودہ زرعی مسائل کے حوالے سے کوئی **چار** حل تجویز کیجیے۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

سوال-5 (کل 6 نمبر)

(الف) کوئی بھی **تین** ایسے معاشی مشکلات پر بحث کیجیے جن کا پاکستان کو آزادی کے فوراً بعد سامنا کرنا پڑا۔

یا

(ب) پاکستان میں استعمال ہونے والے آب پاشی کے کوئی بھی تین طریقوں کی ان کی اہمیت کے لحاظ سے وضاحت کیجیے۔

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

اختتام

Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only